© rasailojaraid.com



ختم نبوت کے معانی "اب انسانوں کو اپنے معاملات کے فیصلے خود کرنے ہوں گے"۔ (سلیم کے نام خط ۱۳ ص- ۱۲۰ ج ۲)

اس فلسفیانہ عقیدہ کے جاننے کے بعد قارئین کرام پر حقیقت پرویزیت واضح ہو گئی ہو گی۔

ہم آخر میں غلام احمد قادیانی اور غلام احمد پرویز کی مماثلت کا اجمالی نقشہ پیش کر کے اپنے مضمون کو ختم کرتے ہیں۔

■ ۱- دونوں کے نام ایک۔ ■ ۲- دونوں ایک ہی علاقہ میں پیدا ہوئے۔

■ ۳- دونوں سرکار انگریز کے ملازم و غلام رہے ■ ۴- دونوں نے اپنی تحاریک یکے بعد دیگر انگریز دور میں شروع کیں

■ ۵- دونوں نے سواد اعظم سے ہٹ کر دین اسلام کو مسخ کرتے ہوئے اس کا ایک نیا اور منفرد نقشہ پیش کیا۔

■ ۶- دونوں نے دین کے مسلمہ حقائق کا یکسر انکار کیا۔ ■ ۷- دونوں نے قرآن کی معنوی تحریف کی اور اپنی اپنی تحاریک کے موافق قرآن کو نئے معنی پہنائے۔ ■ ۸- دونوں نے احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا استہزا کیا۔

■ ۹- دونوں نے اپنے سوا پوری امت کو اسلام سے کم اور قرار دیا۔ ■ ۱۰- دونوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یوسف نجار کا بیٹا قرار دیا۔

■ ۱۱- دونوں نے اپنی تنقید کا ہدف ذات رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو بنایا۔ ایک نے ختم نبوت کے انکار سے اور دوسرے نے فرمان نبوت کی حجیت کے انکار سے۔ ■ ۱۲- دونوں نے امت کو نفاق کا شکار کرنے کے مشن کو اپنایا۔

■ ۱۳- دونوں نے اپنی دینی و قومی حمیت کا سودا کر کے استعمار کے سیاسی مفادات کے لیے کام کیا۔

■ ۱۴- دونوں نے خارجی امداد سے اپنی اپنی تحاریک کو چلایا۔

بقیہ از ص (۱۱)

زیر نظر کتاب اسی نعرۂ حق کی صدائے باز گشت ہے۔ عزیزم حافظ محمد قاسم صاحب نے مختلف اخبارات اور رسائل و جرائد میں شائع ہونے والے وہ تمام اداریے، کالم، تجزیے اور مضامین اس کتاب میں یکجا کر دیئے ہیں۔ جن میں مولانا فضل الرحمن کے اس اقدام پر انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا تھا۔ فاضل مرتب نے یہ مواد جمع کر کے ایسی دستاویز مرتب کر دی ہے جو اس موضوع پر لکھنے پڑھنے والوں کے لئے ایک حوالہ ہے۔ مقدمہ مولانا عبدالقیوم حقانی نے تحریر کیا ہے۔ (تبصرہ: خادم حسین)

## دعوت و تبلیغ اور تعلیم و تربیت کے آداب و اصول

جمع و ترتیب: مولانا مشتاق احمد

ضخامت: ۲۲۴ صفحات، قیمت =/150 روپے

ناشر: ادارہ اسلامیات ۱۹۰ انار کلی لاہور

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع قدس سرہ کی تفسیر "معارف القرآن" کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ قبول عام عطا فرمایا ہے۔ حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ نے اس تفسیر میں آیات کے موقع و محل کے مطابق مختلف موضوعات پر قرآن و حدیث اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں گراں بہا مواد سمویا ہے۔ محترم مولانا مشتاق احمد نے عمیق مطالعہ اور محنت و جانفشانی سے "دعوت و تبلیغ اور تعلیم و تربیت کے آداب و اصول" کے زیر عنوان جا بجا بکھرے ہوئے مواد کو یکجا کر کے کتابی شکل دے دی ہے۔

باب اول، علم دین کے فضائل، بنیادی شرائط، آداب و مقتضیات کے بیان اور باب دوم، دعوت و تبلیغ کے آداب، اس کے مؤثر ہونے کی شرائط، حضرات انبیا کرام کا طریق کار، مبلغین کے اوصاف اور مروجہ انداز خطابت کے مفاسد پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب تبلیغ و تعلیم کے میدان میں کام کرنے والے حضرات کے لیے بہترین تحفہ ہے۔ (تبصرہ: خادم حسین)

© rasailojaraid.com